1989ء سے مسلسل اشاعت | 21 مئی تا 27 مئی 2021 | شمارہ نمبر 21 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

MC - 547 Price Rs. 70/-

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

APP

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA
COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2010

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM TM

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · CQC ISO9001 · CQC ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award · IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award · IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia paper products

www.tjikimia.co.id

## PAPER THAT WORKS EVERYDAY



### ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



### PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



### WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



### SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



### QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



### OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010 · Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS · Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 23 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# آفسیٹ پیپر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے خلاف اپیلیں نمٹا دی گئیں، ادائیگی کی تلوار لٹک گئی

## لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ نے حکم امتناعی خارج کر دیئے، کیس لاہور ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار سے باہر ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کریں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 30 مارچ 2018 کو نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے آفسیٹ پیپر پر جو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی گئی تھی۔ اس کے خلاف پہلے اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل میں اپیلیں دائر کی گئی تھیں جو 6 اگست 2020 کو مسترد ہو گئی تھیں جس کے خلاف 19 امپورٹرز نے دو علیحدہ علیحدہ درخواستوں کے ذریعے لاہور ہائی کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ سے حکم امتناعی حاصل کر لیے تھے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ ملتان بنچ نے بھی اپیلیں نمٹا دی ہیں اور حکم امتناعی ختم ہو گیا ہے جبکہ لاہور ہائی کورٹ نے یہ کہہ کر یہ درخواستیں نمٹا دی ہیں کہ یہ اس کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے اور امپورٹرز دو ہفتے میں اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ جن امپورٹرز کی اپیلیں مسترد ہوئی ہیں اور ان پر گزشتہ تین سالوں کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی کی تلوار لٹک رہی ہے ان میں اپیل نمبر 51527/2020 میں عسکری لنکج لاہور۔ اسماعیل ٹریڈرز لاہور، عجوہ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور، ایم ایم ٹریڈرز لاہور، آفس ورلڈ لاہور، جمال اینڈ برادرز لاہور، اور سیادت سنز لاہور شامل ہیں جبکہ درخواست نمبر 38710/2020 میں زیڈ اے کارپوریشن لاہور، دی ٹائمز پریس (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور، وائٹ پیپر لاہور، گل امپیکس لاہور، ایس اینڈ این ٹریڈنگ لاہور، آئی آر آئی لاہور، پاک پیپ لاہور، ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، سیون سیزن انٹرنیشنل لاہور، اکبری پیپر اسٹور لاہور، راوی اسٹیشنری مارٹ لاہور اور نیاز پیپر مارٹ لاہور شامل ہیں۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف نے 30 مارچ 2018 کو برازیل پر 35.92 فیصد، چائنا پر 1.90 فیصد، جاپان پر 39.10 فیصد اور تھائی لینڈ پر 1.64 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی تھی جس کے خلاف یہ اپیلیں دائر کی گئی تھیں اور حکم امتناعی حاصل کر لیے گئے تھے اب دوبارہ سے کروڑوں روپے کی وصولی کے لیے نیشنل ٹیرف کمیشن کارروائی کر سکتا ہے۔

# اپیما نے پیپر مارکیٹ کے اطراف کے نالوں کی صفائی کا مطالبہ کر دیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون نے ایڈ منسٹریٹر کراچی میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور کمشنر کراچی کی توجہ لائٹ ہاؤس، لنڈا بازار اور فیض محمد فتح علی روڈ کے ٹرننگ پوائنٹ کے نالوں کی حالیہ ابتر صورتحال کی طرف مبذول کراتے ہوئے کہا ہے کہ آنے والی مون سون کی بارشوں سے پہلے ان نالوں کی صفائی پر خاص توجہ دی جائے اور ہنگامی بنیادوں پر ان کی صفائی کا کام کیا جائے۔ سید شاہنواز علی نے کہا کہ پچھلے سال شدید بارشوں اور نالوں کے چوک ہو جانے کی وجہ سے بارش کا پانی پیپر مارکیٹ کی دکانوں کے اندر داخل ہو گیا تھا جس کے نتیجے میں دکانداران کا کروڑوں روپے کے مال کا نقصان ہوا تھا اور سڑکوں پر کئی دنوں تک کیچڑ اور کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے تھے جن کی صفائی میں کافی وقت لگا تھا۔ صدر سدرن زون نے مزید کہا کہ حقانی چوک پر نکاسی آب کے لئے پمپنگ اسٹیشن کو ہنگامی بنیادوں پر فعال رکھا جائے کیونکہ یہ نشیبی پوائنٹ ہے اور یہاں کئی کئی روز تک پانی کھڑا رہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پچھلے سال کی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے اس سال وقت سے پہلے لائٹ ہاؤس، لنڈا بازار اور فیض محمد فتح علی روڈ کے ٹرننگ پوائنٹ کے نالوں کی صفائی ترجیحی بنیادوں پر کی جائے تا کہ بارشوں کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی قسم کی تباہی اور نقصان سے بچا جا سکے۔

# دونوں سائڈ کوٹڈ پیپر کی دفعہ 81 کے تحت کلیرنس جاری ہے

## بعض امپورٹرز کے نام مقدمہ میں شامل نہ ہونے پر ان کی انٹریز روک لی گئی تھیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کسٹم عدالتی احکامات کے تحت دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ/ پرنٹنگ پیپر کی کلیرنس دفعہ 81 کے تحت عبوری طور پر جاری رکھے ہوئے ہیں اور ڈیوٹی اور ایف ٹی اے کے فرق کے پے آرڈرز وصول کر رہا ہے۔ تاہم گزشتہ ہفتے چند امپورٹرز کی کلیرنس میں تعطل آیا تھا کیونکہ ان کا نام اس عدالتی حکم میں شامل نہیں تھا تاہم بعد میں جن امپورٹرز نے عدالتی ریلیف حاصل کر لیا ان کے مال کلیئر کر دیئے گئے ہیں۔

# کلاسیفکیشن کمیٹی نے اپنی سفارشات بورڈ کو بھیج دیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس کے حوالے سے ایف بی آر کی قائم کردہ خصوصی کلاسیفکیشن کمیٹی نے اپنی سفارشات بورڈ کو ارسال کر دی ہیں اور اب بورڈ ان سفارشات کی روشنی میں احکامات جاری کرے گا۔

توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایچ ای جے ریسرچ سینٹر نے دونوں سائڈ کوٹڈ پیپر کو رائٹنگ و پرنٹنگ قرار دے دیا

## آئی بی ایم کے موقف کی تصدیق ہوگئی، آئی بی ایم ٹریڈ کے دفاع کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، محمد سلیم بیکیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی کی ممتاز ریسرچ لیبارٹری ایچ ای جے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری یونیورسٹی آف کراچی کے صنعتی تجزیاتی مرکز نے ایڈیشنل کلکٹر کسٹم اور سیکریٹری کلاسیفکیشن کمیٹی برائے ''کوٹڈ رائٹنگ/ پرنٹنگ پیپر'' ایس علی زمان گردیزی کی جانب سے بھیجے گئے نمونے پر جو رپورٹ تیار کی ہے اس کی کاپی پیپر بزنس نے حاصل کی ہے جس کے مطابق جی ڈی نمبر KAPE-HC-89370 مورخہ 24 نومبر 2020 کے کاغذ کے نمونوں کا تجزیہ کیا گیا ہے واضح رہے کہ یہ وہی جی ڈی ہے جس پر سلمان پیپر پروڈکٹ کا مال روکا گیا تھا اور پھر یہ کلاسیفکیشن کمیٹی بنی تھی اور اس کی رپورٹ سینٹر نے کمیٹی کو ارسال کردی ہے۔ ریسرچ آفیسر عائشہ اسلام، معاون پرنسپل تحقیقات ٹیکنیکل منیجر شکیل احمد، پرنسپل انوسٹی گیٹر ڈاکٹر عمران ملک کے دستخط سے جاری ہونے والی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ نمونہ دونوں سائڈ کوٹڈ مختلف مقاصد (پرنٹنگ و رائٹنگ) پیپر ہے جس پر 12.11 فیصد کی اوپری سطح پر معدنیات کی تہہ چڑھائی گئی ہے جبکہ دوسری جانب اس تہہ کی شرح 410.62 فیصد ہے اس پیپر میں 10 فیصد سے کم مکینیکل پلپ استعمال کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پیپر کا استعمال اس کے استعمال کرنے والے کی ضرورت پر منحصر ہے۔ اس رپورٹ سے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے اس موقف کی تائید ہوگئی ہے جو اس نے کسٹم کی جانب سے دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے حوالے سے کنسائنمنٹ روکنے کے خلاف اور چائنا سے ایف ٹی اے حاصل کرنے کے لیے اختیار کیا تھا۔ جسے آئی بی ایم ہر فورم پر دہراتی بھی رہی ہے۔ اس سلسلے میں جب آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا کا موقف معلوم کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ایچ ای جے کی رپورٹ نے ہمارے موقف کی تائید کردی ہے اور ہم کیس جیت گئے ہیں اس کے باوجود کسٹم کی ہٹ دھرمیاں برقرار رہیں تو ہم ٹریڈ کے اجتماعی مفاد کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور فتح حق کی ہوگی۔

## ڈومیسٹک پروازوں کے ٹکٹس پر 600 روپے فیس عائد

کراچی (نیوز ڈیسک) سول ایوی ایشن نے ڈومیسٹک پروازوں کے ٹکٹس پر 600 روپے فیس عائد کردی۔ ایئر لائنز ذرائع کے مطابق مسافروں سے ٹکٹ کی بکنگ کے وقت سی اے اے کی 600 روپے فیس وصول ہوگی جس میں 100 روپے سکیورٹی اور 500 روپے امبارکیشن فیس ٹکٹ کے ذریعے ایئر لائن سے وصول کیے جائیں گے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ ایئر لائنز ٹکٹ پر چارجز وصول کرکے سول ایوی ایشن کو جمع کرائیں گے اور سول ایوی ایشن نے تمام ایئر لائنز کو اس حوالے سے آگاہ کردیا ہے۔

## ایکسل لوڈ لمٹ قانون بارے دوغلی پالیسی فوری ترک کی جائے، گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن لاہور ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد اظہر قادری نے کہا ہے کہ حکومت آئین اور قانون پر عملدرآمد کرانے میں ناکام ہو چکی ہے، ہم محب وطن لوگ ہیں ہمیں قانون پر من وعن عمل کروانے کیلئے ہڑتال کی طرف نہ لے جایا جائے، ہمارا مطالبہ غیر قانونی اور غیر آئینی نہیں بلکہ حکومت اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی کے رہنماؤں حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر اوور لوڈنگ کے خاتمے اور ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ کے قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے میں اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داری پوری کرنے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے جو عدالتی حکم کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت پر واضح کردینا چاہتے ہیں اگر حکومت نے ایکسل لوڈ لمٹ کے قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے میں اپنی دوغلی پالیسی ترک نہ کی تو ہم انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایکسل لوڈ لمٹ کے قانون پر عملدرآمد کروایا جائے، اگر حکومت نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو اس کا شدید ردعمل دیں گے۔

## ساڑھے 7 ہزار کے انعامی بانڈز پر پابندی کیخلاف دائر درخواست ناقابل سماعت قرار

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے ساڑھے 7 ہزار کے انعامی بانڈز کی خرید وفروخت پر پابندی کیخلاف دائر درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جواد حسن نے دائر درخواست پر محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق پرائز بانڈ کے اجرا یا اس پر پابندی حکومتی پالیسی ہے، حکومتی پالیسی میں عدالت مداخلت نہیں کرسکتی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا تھا کہ مئی میں ساڑھے 7 ہزار کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی تھی، اسٹیٹ بینک نے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی پر پابندی عائد کردی، اسٹیٹ بینک کی جانب سے پرائز بانڈز پر پابندی خلاف قانون اور امتیازی سلوک ہے۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725



# دلی مبارکباد

ہم

# جناب باؤ محمد بشیر

سابق سینئر وائس چیئر مین وصدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور

سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی، لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسری کو

## وزیر اعظم پاکستان جناب عمران خان سے

ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر شاہ زیب اکرم، سابق صدر فیڈریشن انجم نثار، سابق صدر لاہور چیمبر عرفان اقبال شیخ

اور دیگر کے ہمراہ ملاقات میں تاجروں وصنعتکاروں، بالخصوص پیپر ٹریڈ سے متعلق مسائل کو شاندار طریقے سے پیش کرنے پر دل کی گہرائیوں سے



## مبارکباد پیش کرتے ہیں اور

امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی تاجروں وصنعتکاروں کی حقیقی نمائندگی کرتے رہیں گے۔ ہم ان کی مزید ترقی وکامرانی کے لئے دعا گو ہیں

منجانب: خامس سعید بٹ، لیڈر بزنس مین گروپ ،۔لاہور

ودیگر عہدیداران وارا کین ایگزیکٹو کمیٹی (ناردن زون) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

OFFSET PRINTING
PAPER I.P.M BRAND

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

COATED ART PAPER & ART CARD


1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

**International Business Management**

ISO 9001:2015 CERTIFIED


**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK

Tel : +92-2132627061-63

Fax : +92-2132629786

Email : saleem.bikiya@ibmpak.com

Web : ibmpakistan.com


Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بریف کارڈ میں 70، فوٹو کاپیر 25، کاپی میٹ 85 ڈالر اور آفسیٹ پرنٹنگ پیپر میں 70 ڈالر تک اضافہ

## پیکیجنگ بورڈ ریلز میں 150 تا 170 ڈالر، کوٹڈ پیپر میں 100 ڈالر اضافہ ریکارڈ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں میں تیزی کا رجحان ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق چائنا اور انڈونیشیا کے مختلف اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے ریلز 70 گرام، 800 ڈالر سے بڑھ کر 870 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ آئی کے شیٹ 70 گرام، 830 ڈالر سے بڑھ کر 900 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ انڈیگو شیٹ 60 گرام، 870 ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔ انڈیگو ریلز 60 گرام، 840 ڈالر فی میٹرک ٹن دستیاب ہے۔ پی پی سی گرے اینڈ پیپر لائن، کاپی میٹ 75، 70 اور 80 گرام، 765 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپیئر باکسز بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن، 70 گرام، 885 ڈالر سے بڑھ کر 910 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 875 ڈالر سے بڑھ کر 900 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 850 ڈالر سے بڑھ کر 900 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ پنڈو ڈیلی گولڈن کوئن 850 ڈالر سے بڑھ کر 920 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا/چائنا: پیکیجنگ بورڈ، تنگبو گولڈ کی ریلز 920 ڈالر سے بڑھ کر 1280 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ تنگبو گولڈ ہائی بلک کی ریلز 920 ڈالر سے بڑھ کر 1230 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ تنگبو اسٹار کی ریلز 965 ڈالر سے بڑھ کر 1280 ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔ کوٹڈ پیپر چائنا نیو یا 850 ڈالر سے بڑھ کر 950 ڈالر فی ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔

# آرٹ پیپر اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ، فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں، 19 مئی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی، جبکہ بلیچ بورڈ اور آرٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 235 روپے سے بڑھ کر 244 روپے، تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 242 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 235 روپے سے بڑھ 244 روپے، تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 242 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔ 115 اور 128 گرام 235 روپے سے بڑھ کر 242 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ تنگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 295 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 285 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ ریلز تمام سائز تمام گرام 285 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 275 روپے سے کم ہوکر 270 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ تمام سائز 52 گرام، 88 روپے سے بڑھ کر 90 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 485 روپے سے بڑھ کر 490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B 70 گرام، 605 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70، گرام، 440 روپے سے کم ہو کر 435 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 590 روپے سے کم ہوکر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی (13.5 F4A) سائز 70 گرام، 635 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 70 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 630 روپے سے کم ہو کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 600 روپے سے کم ہو کر 590 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 700 روپے سے کم ہو کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# عید کی تعطیلات کے بعد پاکستانی روپے پر دباؤ

## انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کی قدر میں کمی کا سلسلہ شروع

کراچی (بزنس ڈیسک) ملکی کرنسی مارکیٹ میں منگل 18 مئی کو بھی ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ دباؤ کا شکار رہا جس کی وجہ سے انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کی قدر میں کمی آ گئی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 18 مئی کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر 30 پیسے بڑھ گئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 152.60 روپے سے بڑھ کر 152.80 روپے اور قیمت فروخت 152.70 روپے سے بڑھ کر 152.90 روپے پر جا پہنچی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید قدر 30 پیسے اضافے سے 152.70 روپے سے بڑھ کر 153.00 روپے اور قیمت فروخت 20 پیسے کی تیزی سے 153.20 روپے سے بڑھ کر 153.40 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید ایک روپے 35 پیسے اضافے سے 184.65 روپے سے بڑھ کر 184.65 روپے اور قیمت فروخت ایک روپے 25 پیسے اضافے سے 186.25 روپے سے بڑھ کر 187.50 روپے ہوگئی۔ برطانوی پونڈ کی قیمت 2 روپے کی تیزی سے 214 روپے سے بڑھ کر 216 روپے اور قیمت فروخت 216 روپے سے بڑھ کر 218 روپے ہوگئی۔

## ایس آر بی: ای ڈپازٹ اور ای فائلرز کیلئے تاریخ میں توسیع

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ بورڈ آف ریونیو (ایس آر بی) نے ای۔ ڈپازٹ اور ای۔ فائلرز کیلئے تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ ایس آر بی ٹیکس پالیسی ونگ کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق ای ڈیپازٹ کے ذریعے سیلز ٹیکس کی رقم جمع کرانے والے اب 24 مئی تک سندھ سیلز ٹیکس جمع کرا سکتے ہیں جبکہ سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ 27 مئی تک بڑھا دی گئی ہے۔ یہ فیصلہ عید کی چھٹیوں اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے کیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کاغذ، گتہ اور کچرا ری سائیکل کریں اور پیسہ کمائیں

## تحریر: نوید مرزا

عالمی دنیا میں اس وقت قدرتی وسائل کی بڑھتی ہوئی قلت کے باعث ہر چیز کو استعمال کے بعد ری سائیکل کر کے دوبارہ قابل استعمال بنانے کا عمل عروج پر ہے، ایک اندازے کے مطابق اس وقت سب سے زیادہ آمدنی بے مصرف اور فضول سمجھ کر پھینکی جانے والی چیز کچرے سے حاصل کی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق ایک عام شہری گھرانے کے یومیہ نکلنے والے کچرے میں قدرتی وسائل سے حاصل کوئی نہ کوئی کام کی چیز ضرور موجود ہوتی ہے جس کی قیمت کا اندازہ خود اہل خانہ کو بھی نہیں ہوتا اس کا ثبوت وہ کچرا چننے والے ہیں جو آپ ہی کے پھینکے ہوئے کچرے سے کام کی چیزیں نکال کر مارکیٹ میں بیچتے اور اپنی روزی روٹی کماتے ہیں۔ چند دہائیوں قبل تک بے شک کچرا ایک بیکار سی چیز تھی اور مغربی ممالک اسے ٹھکانے لگانے کے لیے بڑے پریشان تھے کیونکہ ترقی اور خوشحالی کے ساتھ ساتھ ان کے ہاں کچرے کی بھی فراوانی ہوگئی تھی اور اسے ٹھکانے لگانا ان کے لیے ایک مسئلہ بن گیا تھا کیونکہ یومیہ پیدا ہونے والا کچرا زمین پر پھینکنے سے کئی سو ایکڑ زمین روزانہ ضائع ہونا شروع ہوگئی تھی اور اگر اسے کسی دریا یا سمندر میں ڈالا جاتا تو ساحلی آلودگی اور بحری حیات کا مسئلہ سامنے آتا مگر ان ممالک نے سائنس و ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے اس کا ایک آسان اور سادہ سا حل ڈھونڈ لیا جس سے نہ صرف ان کا یہ مسئلہ حل ہوگیا بلکہ کچرے کی صفائی کے ساتھ ساتھ مناسب آمدنی روزگار کے مواقع بھی دستیاب ہونے لگے ہیں اور یہ آسان حل تھا کچرے کی ری سائیکلنگ۔ مغربی ممالک میں شرح خواندگی کی بلند شرح کی وجہ سے وہاں اخبارات اور رسائل بھی بڑی تعداد میں شائع ہوتے تھے جو ایک بار مطالعے کے بعد بے کار ہو جاتے تھے اور یہ بے کار اخبارات اور دیگر پرنٹڈ مواد روزانہ لاکھوں ٹن کی مقدار میں جمع ہوتا رہتا تھا جسے ٹھکانے لگانا بھی ایک مسئلہ تھا حتیٰ کہ برسوں تک تو کاغذ اور گتے سے بنی اشیاء کو بھٹی میں ڈال کر جلایا جاتا رہا جس سے کچرا تو کم ہوتا مگر فضا میں آگ اور دھویں کے زرات نے آلودگی کی شکل میں ایک نیا مسئلہ کھڑا کر دیا تاہم اب وہاں یہ صورت حال نہیں کیونکہ اخبارات اور رسائل کی تعداد میں ڈیجیٹل انقلاب کے بعد ویسے ہی کمی آگئی ہے دوسرے کاغذ سے بنی تمام اشیا اور گتے کے ڈبے اور ایسی دوسری چیزیں اب پلپ ملز کو بھیج دی جاتی ہیں جہاں انہیں ری سائیکل کر کے دوبارہ پیپر میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ گھروں دفاتر اور کارخانوں سے آنے والے دیگر اقسام کے کچرے کو الگ الگ کر کے پلاسٹک، دھات اور بوٹانیکل کچرے کو علیحدہ علیحدہ ری سائیکل کر کے دوبارہ کام میں لایا جاتا ہے۔

پاکستان کی بات کی جائے تو ابھی ہم اس معاملے میں بہت پیچھے ہیں ابھی تک تو پاکستانیوں کی اکثریت کو یہ شعور ہی نہیں ہے کہ کچرے کو پھینکا کہاں جائے کجا کہ اسے ری سائیکل کر کے دوبارہ استعمال کیا جائے۔ مہذب اور ترقی یافتہ ممالک میں ہر گھر میں تین طرح کے کچرے دان ہوتے ہیں ایک وہ جس میں اشیاء، پلاسٹک اور اس سے ملتی جلتی اشیا ڈالی جاتی ہیں دوسرے میں دھاتی اشیا اور تیسرے میں کاغذ، گتہ اور آرگنانک مواد ڈالا جاتا ہے۔ گھر والے یہ کچرا باہر کچرا دان کے پاس رکھتے ہیں جہاں بلدیہ کی گاڑی آ کر یہ کچرا اٹھا کر لے جاتی ہے۔ یہ کچرا پہلے سے ہی الگ الگ ہونے کی وجہ سے کم وقت میں تقسیم کر کے دھاتی یا پلپ کارخانوں کو بھیج دیا جاتا ہے جہاں اسے ری سائیکل کر کے نئی اشیا بنائی جاتی ہیں۔ بچا کھچا کچرا اور آرگانک مواد سے کھاد تیار کی جاتی ہے بالکل ہی بیکار اجزا سے مٹی گارا بنا کر اینٹیں اور سڑکیں بنانے کا مواد بنایا جاتا ہے اس طرح کچرے کا کوئی حصہ بیکار نہیں جاتا۔

ہمارے ہاں ایسا نہیں ہوتا اور بڑے شہروں میں کچرے کے انبار لگے پڑے ہیں۔ لوگ کچرے کو ایک فضول آئٹم سمجھتے ہیں اور اس سے کوئی کام لینے پر تیار نہیں جبکہ دنیا میں یہ اربوں ڈالر کی انڈسٹری ہے۔ وہاں یہ نظام ویسٹ مینجمنٹ کہلاتا ہے یہ نظام عوام اور حکومت کے تعاون سے چلتا ہے جس سے نہ صرف شہر صاف ستھرے رہتے ہیں بلکہ بظاہر بے کار نظر آنے والے اس کچرے سے کروڑوں ڈالر کی انڈسٹری چلتی ہے۔ اب تو حالت یہ ہے کہ ڈنمارک اور ناروے جیسے ممالک یورپی ممالک سے کچرا خریدتے ہیں تاکہ ان کی ری سائیکل انڈسٹری چلتی رہے۔

ہمارے ہاں اگر کچرے کو ری سائیکل کرنے کا نظام بنایا جائے تو اس سے کاٹیج انڈسٹری لگا کر لاکھوں نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا جا سکتا ہے۔ کچرے میں موجود لوہے، تانبے، پیتل اور دوسری دھاتوں کو الگ کر کے چھوٹی فاؤنڈریز چلائی جا سکتی ہیں جبکہ کاغذ اور گتہ الگ کر کے اس کے پلپ سے دوبارہ پیپر اور گتہ تیار کیا جا سکتا ہے جو اعلیٰ اور معیاری تو نہیں ہوتا مگر لفافے بنانے، گتے کے ڈبے بنانے، کارٹن بنانے اور دیگر بے شمار کاموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے پاکستان کے شہروں میں کچرا چننے والے کسی نعمت سے کم نہیں جو پھینکی جانے والی کچرے کی مقدار کو کم کر دیتے ہیں ورنہ شاید شہروں میں چلنا بھی دشوار ہو جائے۔

شہری نوجوان اگر چاہیں تو اسی کچرے کو استعمال کر کے انقلاب بپا کر سکتے ہیں خاص طور پر ردی کاغذ، ڈبے، پرانے اخبارات، رسالے، بوسیدہ کتابیں اور دیگر اشیا کو ری سائیکل کر کے چھوٹی انڈسٹری لگا کر اپنے روزگار کا انتظام کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر تھوڑی سی کوشش کی جائے تو اسی کاغذ گتے اور دیگر ایسی اشیا کو جو جلنے کی صلاحیت رکھتی ہیں کچرے سے الگ کر کے چھوٹی بھٹیاں لگا کر بجلی بھی بنائی جا سکتی ہے جس سے چھوٹے پیمانے پر کام بھی لیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ پلاسٹک، شیشہ اور دیگر اشیا کو بھی ری سائیکل کر کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ابھی تک ان اشیا کو اکٹھا کرنے اور استعمال کے لیے بڑی فیکٹریوں کو دینے والے کو کباڑیا کہا جاتا ہے اور ایسے معاشرے میں ایک ادنیٰ درجے کا کاروبار تصور کیا جا سکتا ہے حالانکہ اب اس شعبے میں بھی جدید سائنس اور ٹیکنالوجی نے انقلاب بپا کر دیا ہے اور اسی فالتو کچرے سے اینٹی، بلاکس، فرنیچر، مصنوعی لکڑی اور گھریلو اور دفتری استعمال کی کارآمد اشیا بھی بنائی جا رہی ہیں جو دیکھنے میں دیدہ زیب، استعمال میں آسان اور دیرپا بھی ہیں۔

صرف کراچی شہر کی بات کریں تو بارہ سے تیرہ ہزار ٹن کچرا یومیہ پروڈیوس ہوتا ہے اور اس کچرے میں ایک اندازے کے مطابق چوبیس فیصد تک کاغذ، کارڈ بورڈ، گتے اور اسی طرح کا کچرا ہوتا ہے جسے نکال کر ری سائیکل کر کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لاہور میں یہ مقدار پانچ سے چھ ہزار ٹن اور دیگر شہروں کی آبادی کے حساب سے اسی تناسب سے ہے۔ ایک اندازے کے مطابق کچرے میں چوبیس فیصد کاغذ، تینتیس فیصد دھاتیں، بارہ فیصد پلاسٹک، چھ فیصد لکڑی، تین فیصد ربڑ اور چمڑا ہوتا ہے۔ ان تمام چیزوں کو اگر درست طریقے سے جمع کیا جائے تو اس سے کئی چھوٹی چھوٹی انڈسٹریاں بھی بن سکتی ہے۔ اس سلسلے میں شہریوں کو بھی تصور دینے کی ضرورت ہے کہ وہ اپنا کچرا ایک ہی جگہ جمع کرنے کے بجائے ان کی قسم کے حساب سے الگ الگ جمع کریں لیکن انہیں ایسا کرنے کے لیے اسی وقت آمادہ کیا جا سکتا ہے جب ان کے گھر سے یہ اشیا مناسب طریقے سے جمع کرنے کا انتظام ہو اور اگر ہو سکے تو اس کچرے کی کوئی چھوٹی موٹی قیمت مقرر کر کے عام لوگوں کو اس جانب راغب کیا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں کچرے سے نوے فیصد تک کاغذ گتہ، دھاتیں، پلاسٹک اور دیگر سولڈ اشیا اٹھالی جاتی ہیں جس سے کچرے کی مقدار کم ہو جاتی ہے اور اس کچرے کو آسانی سے لینڈ فل تک پہنچایا جا سکتا ہے مگر انتظامیہ ایسا کرنے میں بھی ناکام رہتی ہے۔

اگر نوجوانوں کو اس کچرے کے مفید استعمال کی باقاعدہ تربیت فراہم کر دی جائے تو قوی امید ہے کہ نوجوان مختلف قسم کی انڈسٹریاں لگا کر یہ کچرا دنوں میں صاف کر سکتے ہیں اس سے ایک طرف تو کچرا ٹھکانے لگانے کا انتظام ہو جائے گا دوسرے بیروزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور شہریوں کو صاف شہر اور صحت مند ماحول ملے گا۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ میں کورونا کی پابندیوں میں نرمی، نئی ہدایات کا اعلان، اطلاق 30 مئی تک ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ میں کورونا ایس او پیز کے تحت سرکاری دفاتر اور کاروبار کے لیے نئی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ محکمہ داخلہ سندھ نے نوٹی فکیشن جاری کردیا ہے، سندھ میں کورونا ایس او پیز کے تحت سرکاری دفاتر اور کاروبار کے لیے نئی ہدایات جاری کردی گئی ہیں، سرکاری دفاتر کے اوقات کار معمول کے مطابق کردیے گئے ہیں اور دفاتر میں ملازمین کی حاضری 20 فیصد سے بڑھا کر 50 فیصد کردی گئی۔ نوٹی فکیشن کے مطابق سندھ میں کاروباری اوقات کار بھی تبدیل کردیے گئے ہیں، نئے حکمنامے کے مطابق کاروباری سرگرمیاں صبح چھ بجے سے رات آٹھ بجے تک ہونگی، ہفتہ اور اتوار کو سیف ڈیز کے تحت کاروباری سرگرمیاں بند ہونگی، ہوٹلز ریسٹورینٹس کے لئے رات بارہ بجے کاروبار کی اجازت ہوگی، ریسٹورنٹس ہوٹلز پر ڈائن ان ٹیبل سروس پر پابندی برقرار رہے گی، ریسٹورنٹس کو ٹیک اوے اور ہوم ڈیلیوری کی اجازت ہوگی۔ علاوہ ازیں سینما گھر شادی ہالز، مزارات سماجی تقریبات پر پابندی بدستور برقرار رہے گی، نئی پابندیاں اور احکامات کا اطلاق 30 مئی تک ہوگا۔ نوٹی فکیشن کے مطابق کھیلوں کی انڈور آؤٹ ڈور سرگرمیوں، ٹورنامنٹس پر پابندی برقرار رہے گی تفریحی پارکس، بیوٹی پارلرز بند رہیں گے اور پبلک ٹرانسپورٹ کو پچاس فیصد مسافروں کے ساتھ چلانے کی اجازت دی گئی ہے، پبلک ٹرانسپورٹ میں کورونا ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔ نوٹی فکیشن کے مطابق سماجی، سیاسی، ثقافتی، کھیلوں، میوزیکل اور مزہبی تقریبات پر پابندی ہوگی جب کہ سرکاری اور نجی دفاتر میں روٹیشن پالیسی کے تحت اسٹاف کی 50 فیصد حاضری کا اطلاق ہوگا، تمام سرکاری اور نجی دفاتر کام کی جگہ پر ماسک اور سماجی فاصلہ برقرار رکھنا لازمی ہوگا۔

# ٹیکس آڈٹ، کیسز کی سماعت کیلئے FBR نے سوفٹ ویئر متعارف کرادیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) ٹیکس گزاروں کی سہولت کے لیے ٹیکس آڈٹ اور تخمینہ سے متعلق کیسز کی الیکٹرانک طریقے سے آن لائن سماعت کے لیے سافٹ ویئر متعارف کردیا ہے، سماعت نہ صرف ریکارڈ کی جاسکے گی بالکل قانونی اور انتظامی استعمال میں لایا جاسکے گا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ ایف بی آر کے آئرس (IRIS) پورٹل پر الیکٹرانک سماعت کے موڈیول کو فعال کردیا گیا ہے، اس موڈیول کے ذریعے آن لائن سماعت کو ایف بی آر کے ذیلی دفاتر میں موجود سماعت کے لیے بنائے گئے خصوصی کمروں اور ٹیکس گزاروں کی جائے وقوع کے درمیان لنک سے ممکن بنایا جاسکے گا، الیکٹرانک طریقے سے سماعت کو نہ صرف ریکارڈ کیا جاسکے گا بلکہ دوسرے قانونی اور انتظامی استعمال میں بھی لایا جاسکے گا، پہلے مرحلے میں الیکٹرانک سماعت کا موڈیول لارج ٹیکس پیئر آفس اسلام آباد، ریجنل ٹیکس آفس راولپنڈی، فیصل آباد اور پشاور میں شروع کردیا ہے۔

# سندھ ٹیکس: کراچی سے 7/ارب روپے وصول

کراچی (بزنس ڈیسک) صوبائی وزیر برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن وانسداد منشیات اور پارلیمانی امور مکیش کمار چاؤلہ نے محکمہ ایکسائز سندھ کی جانب سے جولائی 2020 سے اپریل 2021 تک موٹر وہیکل اور جائیداد ٹیکس کی وصولی کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ موٹر وہیکل ٹیکس کی مد میں کراچی سے 7007.541 ملین (7/ارب روپے سے زائد)، حیدرآباد سے 436.618 ملین (40/کروڑ 66 لاکھ روپے) اور سکھر سے 207.261 ملین (20/کروڑ 72/لاکھ روپے) ٹیکس وصول کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اسی مد میں شہید بے نظیر آباد سے 82.569 ملین (8/کروڑ 25/لاکھ روپے)، لاڑکانہ سے 99.379 ملین (9 کروڑ 93/لاکھ روپے) اور میرپور خاص سے 53.249 ملین (5/کروڑ 32/لاکھ روپے) ٹیکس وصول کیا گیا۔ جب کہ جائیداد ٹیکس کی مد میں کراچی سے 1418.050 ملین روپے (ایک ارب 41 کروڑ 50/ہزار)، حیدرآباد سے 69.415 ملین روپے (6 کروڑ 94 لاکھ 15 ہزار) اور سکھر سے 32.633 ملین روپے (3 کروڑ 26 لاکھ 33 ہزار) ٹیکس وصول کیا گیا، اسی مد میں شہید بے نظیر آباد سے 8.975 ملین روپے (89 لاکھ 75/ہزار)، لاڑکانہ سے 20.434 ملین روپے (2 کروڑ 4 لاکھ 34 ہزار) اور میرپور خاص سے 9.953 ملین روپے (99/لاکھ 53 ہزار) ٹیکس وصول کیا گیا۔
صوبائی وزیر مکیش کمار چاؤلہ نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ جائیداد ٹیکس کی وصولی کی رفتار تیز کریں۔ انہوں نے کہا کہ جائیداد ٹیکس نادہندہ گان کو کمپیوٹرائزڈ چالان جاری کردیئے ہیں۔ چالان نہ ملنے کی صورت میں محکمہ ایکسائز سندھ کے متعلقہ دفتر سے رابطہ کریں۔
مکیش کمار چاؤلہ نے کہا کہ کورونا وائرس کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ ایکسائز سندھ کے دفاتر میں ایس او پیز پر عمل کیا جارہا ہے اور ٹیکس نادہندہ گان بھی ایس ایس او پیز پر عمل کرتے ہوئے دفاتر آئیں۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆
ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)
0308-2933229



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# لاک ڈاؤن میں ڈیمرج، ڈیٹینشن چارجز معاف کریں گے، علی زیدی

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سمندری امور سیدعلی حیدر زیدی نے ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں سے وعدہ کیا ہے کہ عید کی تعطیلات، لاک ڈاؤن کے دوران ہونے والے ڈیمرج، ڈیٹنشن چارجز کو معاف کیا جائے گا۔صدر ایف پی سی سی آئی میاں ناصر حیات مگوں کی قیادت میں وفد نے وفاقی وزیر سے ملاقات کی۔اس موقع پر مشیر وزارت برائے سمندری امور محمود مولوی، چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ نادر ممتاز وڑائچ، وفاقی سکریٹری وزارت برائے سمندری امور رضوان احمد، خرم طارق سعید، عدنان اسد اور دیگر بھی موجود تھے۔وفاقی وزیر سید علی زیدی نے صدر ایف پی سی سی آئی کے مطالبے پر انہیں یقین دلایا کہ پاکستان فیڈریشن چیمبر آف کامرس کے ایک نامزد امیدوار کو کے پی ٹی بورڈ میں شامل کیا جائے گا۔میاں ناصر حیات مگوں نے وفاقی وزیر سے کہا کہ شپنگ کمپنیاں کارگو کی آمد کی تاریخ سے محدود دن تک مفت اسٹوریج کی اجازت دیتی ہیں اور عید کی تعطیلات/ لاک ڈاؤن کے دوران بینکوں کے بند ہونے کی وجہ سے، دستاویزات کو مقررہ مدت میں کلیئر نہیں کیا جائے گا اور اس سے کارگو کو ڈیمرج، ڈیٹنشن چارجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ایف پی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ کیرج آف گڈز بائی سی ایکٹ اور بل آف لیڈنگ ایکٹ 15 سالوں سے پارلیمنٹ میں زیر بحث ہیں، پی ٹی آئی حکومت کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ان کارروائیوں کو بغیر کسی تاخیر کے منظور کیا جائے۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس وقت اس سیکٹر پر سیکڑوں سال پرانے قانون کی حکمرانی کی جارہی ہے، جس کے تحت جہازوں اور کنٹینرز کو اب بھی بحری جہاز اور کریٹس کہا جاتا ہے۔میاں ناصر حیات مگوں نے علی حیدر زیدی کی قیادت میں وزارت سمندری امور، ماہی گیری سے متعلق شپنگ کی پالیسیاں مرتب کرنے میں وزارت کے وژن کی تعریف کی اور کہا کہ ایک بار نافذ ہونے کے بعد پاکستان کو ایک بہت ہی پرکشش ٹرانسشپمنٹ مارکیٹ بنادے گا۔خرم طارق سعید نے پاکستان میں اعلیٰ توانائی کی لاگت کے معاملے پر روشنی ڈالی۔

## تاجروں کا 8 بجے تک کاروبار کی اجازت کا خیر مقدم

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کے تاجروں نے این سی او سی کی جانب سے کاروبار رات آٹھ بجے تک کھولنے کی اجازت دینے کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ جلد ہی کاروباری سرگرمیاں مکمل طور پر بحال ہوجائیں گی۔کراچی کے تاجروں نے این سی او سی کے فیصلے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر سے قبل طویل تعطیلات اور مکمل لاک ڈاؤن کے باعث دکانداروں اور تاجروں کو اربوں روپے کا مالی نقصان ہوا ہے، تاہم ملک کے عظیم مفاد اور انسانی جانوں کی اہمیت کے پیش نظر تاجروں نے اس نقصان کو کھلے دل سے برداشت کیا، تاہم اب کورونا کیسز میں کمی اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے نتیجے میں تاجروں کو بھرپور کاروباری سرگرمیوں کی اجازت دی جائے تاکہ تاجروں کے مالی نقصان کا ازالہ ہوسکے، تاجروں کا کہنا تھا کہ عیدالاضحیٰ سے قبل کاروباری سرگرمیوں کو مکمل طور پر بحال ہونا چاہیے تاکہ معاشی ترقی کی رفتار متاثر نہ ہوسکے، مہنگائی کے اس دور میں مزدوروں کے ساتھ تاجروں کو بھی کھانے کے لالے پڑ گئے ہیں اور ایسے میں کاروبار کی طویل بندش کسی کے بھی مفاد میں نہیں ہے، تاجروں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کے ساتھ ویکسی نیشن کے عمل کو بھی تیز کیا جائے تاکہ معیشت کو رواں دواں رکھا جاسکے۔

## تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے ایک اور کوشش کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے ایک اور کوشش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔حکومت کی جانب سے اس بار آئندہ بجٹ میں انتظامی تبدیلیوں اور ٹیکس کی شرح میں کمی جیسے اقدامات سے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی کوشش جائے گی۔وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق زیادہ سے زیادہ تاجروں کو ٹیکس کے دائرے میں لانے کے لیے آئندہ مالی سال میں ہر ماہ ان صارفین میں 20 کروڑ روپے کے انعامات بھی تقسیم کیے جائیں گے جو ایف بی آر سے الیکٹرانیکلی طور پر منسلک تاجروں سے خریداری کریں گے۔ذرائع نے بتایا کہ وزیر خزانہ کے صف اول top-tier کے ریٹیلرز کی تعریف اور اسکوپ کو وسیع کرنے جیسے اقدامات ٹیکس نیٹ کی وسعت کے لیے اہم ہوں گے۔ 50000 سیلز پوائنٹس کی آن لائن انٹیگریٹنگ کے علاوہ صف اول کے ریٹیلرز کی تعریف کو وسعت دینے سے 50 سے 70 ارب روپے کا اضافی ٹیکس حاصل ہوسکے گا۔ذرائع کے مطابق حکومت نے اس تجویز پر غور کیا ہے کہ Tier-I ریٹیلرز کو ایف بی آر کے ساتھ منسلک ہونے کی جانب حوصلہ افزائی کے لیے کم سے کم ٹیکس 1.5 فیصد سے کم کرکے 1.25 فیصد کردیا جائے۔

## اگلے 15 سال کا سوچ رہا ہوں، شوکت ترین

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ صرف دو سال کے بارے میں نہیں اگلے پندرہ سال کے بارے میں سوچ رہا ہوں، میں کہتا ہوں ٹیکس آمدنی اور consumption پر لگنا چاہیئے، ہم باقی جو ٹیکس لگاتے ہیں آہستہ آہستہ ان سے نکل جانا چاہیئے، ٹیکس وصولی بڑھانے کیلئے زیادہ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لے کر آئیں گے۔ریٹیل بزنس اور پروفیشنل لوگوں سے ٹیکس وصول کرنے کے بڑے مواقع ہیں، شناختی کارڈ نمبر سے سب کے لائف اسٹائل کا پتہ چل جائے گا، ٹیکس وصولی بڑھائیں گے مگر لوگوں کو ہراساں بھی نہیں کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک انٹرویو میں کیا۔شوکت ترین کا کہنا تھا کہ روپیہ مستحکم اور ڈسکاؤنٹ ریٹ 7 فیصد پر ہے، لارج اسکیل مینوفیکچرنگ ترقی کر رہی ہے۔

AAS A A SERVICES
Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915
Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets
Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## تاجروں کی تعداد 80 لاکھ ہے تو ٹیکس گزار 25 لاکھ کیوں؟

